## طالبان پنجاب میں بھی اپنا جبر کا نظام رائج کرنا چاہتے ہیں اور اپنی خودساختہ شریعت کے تحت پنجاب کی ماؤں، بہنوں، بیٹیوں کو بھی ظلم و بربریت کا نشانہ بنانا چاہتے ہیں۔ الطاف حسین

## ایم کیوایم پنجاب کے کارکنان پنجاب کی ماؤں، بہنوں، بیٹیوں کی حفاظت کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے

## طالبان کا مقصد اسلام کی خدمت کرنا نہیں، پاکستان کو توڑنا ہے، پاکستان دشمن طاقتیں انہیں سرمایہ فراہم کررہی ہیں

## ایم کیوایم لاہور، ملتان، خانیوال، ساہیوال، لیہ، فیصل آباد، گجرانوالہ، لودھراں، سرگودھا، مظفرگڑھ، نارووال، سیالکوٹ، قصور، راولپنڈی اور اسلام آباد کے ذمہ داران سے ٹیلی فون پر گفتگو

## سوات میں طالبان کی جانب سے معصوم لڑکی کو سرعام کوڑے مارنے کے وحشیانہ عمل خلاف پرامن احتجاجی مظاہروں کے انعقاد پر ایم کیوایم پنجاب کے تمام ذمہ داران وکارکنان اور حق پرست عوام کو الطاف حسین کا سلام تحسین

## پنجاب میں ایم کیوایم کو مزید منظم کرنے کیلئے بہت جلد تنظیم سازی کی جائے گی، جلد ہی ایم کیوایم پنجاب کا کنونشن منعقد کیا جائے گا۔ الطاف حسین

لندن۔۔۔7، اپریل 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ طالبان دہشت گردی کی کارروائیوں کے ذریعے اب پنجاب میں بھی اپنا جبر کا نظام رائج کرنا چاہتے ہیں اور اپنی خودساختہ شریعت کے تحت پنجاب کی ماؤں، بہنوں، بیٹیوں کو بھی ظلم وبربریت کا نشانہ بنانا چاہتے ہیں لیکن ایم کیوایم پنجاب کے کارکنان کسی صورت یہ ظلم نہیں ہونے دیں گے اور پنجاب کی ماؤں، بہنوں، بیٹیوں کی حفاظت کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ جناب الطاف حسین نے ان خیالات کا اظہار پنجاب کے اضلاع ملتان، خانیوال، ساہیوال، لیہ، فیصل آباد، گجرانوالہ، لودھراں، سرگودھا، مظفرگڑھ، نارووال، سیالکوٹ، قصور، لاہور، راولپنڈی اور وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے ذمہ داران سے ٹیلی فون پر علیحدہ علیحدہ گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ جناب الطاف حسین نے سوات میں طالبان کی جانب سے معصوم لڑکی کو سرعام کوڑے مارنے کے وحشیانہ عمل خلاف پرامن احتجاجی مظاہروں کے انعقاد پر ایم کیوایم پنجاب کے تمام ذمہ داران وکارکنان اور حق پرست عوام کو دل کی گہرائیوں سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پنجاب کے کارکنان اور عوام نے ایم کیوایم کی اپیل پر لبیک کہتے ہوئے طالبان کی بربریت کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرکے ثابت کردیا کہ وہ طالبان کی خودساختہ ڈنڈا بردار شریعت کو تسلیم نہیں کرتے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ طالبان اسلام کے نام پر پاکستان کی پولیس، فوج، رینجرز، ایف سی اور سیکوریٹی فورسز پر حملے کررہے ہیں حتیٰ کہ مساجد اور امام بارگاہوں تک پر خودکش حملے کرکے معصوم شہریوں کے خون سے ہولی کھیل رہے ہیں، قوم کی معصوم وبے گناہ بیٹیوں کو سرعام کوڑے ماررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ طالبان کا مقصد اسلام کی خدمت کرنا نہیں بلکہ دنیا بھر میں اسلام کو بدنام کرنا اور پاکستان کو توڑنا ہے اور اس مقصد کیلئے انہیں پاکستان دشمن طاقتیں سرمایہ فراہم کررہی ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ طالبان صوبہ سرحد کی طرح اب پنجاب میں بھی اپنا جبر کا نظام رائج کرنا چاہتے ہیں اور اپنی خودساختہ شریعت کے تحت پنجاب کی ماؤں، بہنوں، بیٹیوں کو بھی ظلم وبربریت کا نشانہ بنانا چاہتے ہیں لیکن ایم کیوایم پنجاب کے کارکنان کسی صورت یہ ظلم نہیں ہونے دیں گے اور پنجاب کی ماؤں، بہنوں، بیٹیوں کی حفاظت اور ملک کی بقاء کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پنجاب کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ان کی ثابت قدمی پر سلام تحسین پیش کیا اور اعلان کیا کہ پنجاب میں ایم کیوایم کو مزید منظم کرنے اور تحریک کے پیغام کو پھیلانے کیلئے بہت جلد تنظیم سازی کی جائے گی اس مقصد کیلئے جلد ہی ایم کیوایم پنجاب کا کنونشن منعقد کیا جائے گا۔ انہوں نے پنجاب کے ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی کہ وہ کنونشن کی تیاریاں شروع کردیں۔ اس موقع پر ایم کیوایم پنجاب کے ضلعی ذمہ داران وکارکنان نے جناب الطاف حسین کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا اور طالبانائزیشن کے خلاف کامیاب احتجاجی مظاہروں پر انہیں مبارکباد پیش کی۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پنجاب کے تمام ذمہ داران سے کہا کہ وہ اپنے اپنے علاقوں کی ماؤں، بہنوں، بزرگوں، طالبعلموں، دکانداروں، تاجروں، صنعتکاروں، ہاریوں، کسانوں، محنت کشوں اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو میرا خصوصی سلام پیش کریں۔

## آسیہ ہمدانی کی ناک کاٹنے والے شوہر کو سخت سزا دی جائے، الطاف حسین

## کاروکاری، ونی اور غیرت کے نام پر قتل جیسی فرسودہ رسومات کے باعث خواتین کے بنیادی حقوق بری طرح پامال کئے جارہے ہیں

## ایم کیوایم مسمات آسیہ ہمدانی کے ساتھ ہے اوران کے ساتھ انسانیت سوز ظلم کے خلاف ہر سطح پر آواز بلند کرے گی

لندن ۔۔۔7،اپریل 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کشمور کے علاقے غوث پور میں مسمات آسیہ ممدانی کو اپنے شوہر کی جانب سے کاری قرار دیکر ناک کاٹنے کے المناک واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ کاروکاری، ونی اور غیرت کے نام پر قتل جیسی فرسودہ رسومات اورخواتین کے خلاف سیاہ قبائلی قوانین کے باعث خواتین کے بنیادی حقوق بری طرح پامال کئے جارہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ کشمور میں مسمات آسیہ ممدانی کے ساتھ پیش آنے والا افسوسناک واقعہ نہ صرف قابل مذمت ہے بلکہ بنیادی انسانی حقوق کی بھی خلاف ورزی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم مسمات آسیہ ممدانی کے ساتھ ہے اوران کے ساتھ انسانیت سوزظلم کے خلاف ہرسطح پرآواز بلند کرے گی۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اورصوبائی وزیرداخلہ ڈاکٹر ذوالفقارمرزا سے مطالبہ کیا کہ کشمور میں مسمات آسیہ ممدانی کو کاری قرار دینے اوران کی ناک کاٹنے کے واقعہ میں ملوث آسیہ کے شوہر کوگرفتار کرکے قانون کے مطابق سخت ترین سزا دی جائے اورمسمات آسیہ کا سرکاری خرچ پرعلاج کرایا جائے۔

## پاکستان میں ہالینڈ کے سفیر کی ایم کیوایم مرکز نائن زیرو پررابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات

## ملک میں انتہاء پسندی اوردہشت گردی کے خلاف متحدہ قومی موومنٹ کے مؤقف کوسراہا

## حق پرست قیادت کی جانب سے کراچی کی تعمیروترقی اوربہترین انفراسٹرکچر کی تعریف کی

کراچی ۔۔۔7/اپریل 2009ء۔۔۔ پاکستان میں ہالینڈ کے سفیر **Mr.Tjeerd F.de Zwaa** نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات کی اوران سے ملک میں سیاسی وجمہوری عمل سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پرتفصیلی تبادلہ خیال کیا۔کراچی میں ہالینڈ کے اعزازی قونصل طارق خان،فرسٹ سیکریٹری ٹریڈ Marrc Mazairac اور پریس وکلچرسیکریٹری نبیلہ احمد کے علاوہ دیگربھی موجود تھے۔ملاقات انتہائی خوشگوار ماحول میں نصف گھنٹے سے زائد جاری رہی جس میں دونوں جانب سے باہمی رابطوں پرزوردیا گیااورصوبہ سندھ خصوصاً کراچی میں بیرونی سرمایہ کاری کے فروغ پراتفاق کیا گیا۔اس موقع پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری ایڈوکیٹ،صوبائی وزراء سرداراحمد، رضاہارون اورعسکری تقوی بھی موجود تھے۔ہالینڈ کے سفیر نے ڈاکٹر فاروق ستار سے گفتگوکرتے ہوئے محدودوسائل کے باوجودحق پرست قیادت کی جانب سے کراچی کی تعمیروترقی اور بہترین انفراسٹرکچر کوسراہتے ہوئے اس کی تعریف کی۔مہمان وفدنے ملک میں انتہاء پسندی اوردہشت گردی کے خلاف متحدہ قومی موومنٹ کے مؤقف کوسراہا۔ہالینڈ کے سفیر نے ملک خصوصاً صوبہ سندھ میں بیرونی سرمایہ کاری پربھی تبادلہ خیال کیااور ہرممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔اس موقع پرڈاکٹر فاروق ستارنے صوبہ سندھ میں بیرونی سرمایہ کاری کے حوالے سے مکمل آگاہی فراہم کیں۔

## سوات میں لڑکی کوکوڑے مارے جانے کی سزامیں جوطریقہ کاراختیار کیا گیاوہ غیراخلاقی،غیرشرعی اورانسانیت سوزعمل ہے،مولانااسددیوبندی

کراچی ۔۔۔7،اپریل 2009ء۔۔۔ پاکستان امن کونسل کے سیکریٹری جنرل مولانا اسددیوبندی نے کہا ہے کہ سوات میں 16 سالہ لڑکی کوکوڑے مارے جانے کی سزا میں جو طریقہ کار اختیار کیا گیا ہے وہ غیراخلاقی، غیرشرعی اورانسانیت سوزعمل ہےاور یہ واقعہ اسلام کا اصل چہرہ مسخ کرنے کی گھناؤنی سازش ہےاس حوالے سےعرصہ دراز سے قائدتحریک جناب الطاف حسین اپنے خدشات کا اظہار کرتے رہے ہیں۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیروپرموصول ہونے والےاپنے ایک پیغام کیا۔انہوں نے کہا کہ ایک عنصر ایسا ہے جواسلام کا نام لیکرمسلمانوں کے دلوں سے اسلامی روح ختم کرنے کی سازش میں لگا ہوا ہے، وقت کا تقاضہ ہے کہ جناب الطاف حسین کی تنبیہات کوغوروفکر کے ساتھ لیاجائے اورمملکت کی حفاظت کیلئے تمام وسائل اورتوانائیاں بروئے کارلائی جائیں۔

## طالبانائزیشن کے عمل سے ملک وقوم کی سلامتی شدید خطرے میں ہے،ارکان لیبرڈویژن ایم کیوایم

## پی آئی اے یونٹ میں کارکنان کے اجلاس سے خطاب

کراچی ۔۔۔7،اپریل 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ لیبرڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے ارکان نے کہا ہے کہ ملک باالخصوص سندھ اورکراچی میں طالبانائزیشن کا عمل ملک وقوم کوزمانہ جاہلیت میں لے جانے کی گھناؤنی سازش ہےجسکی ہرشعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کومذمت کرنی چاہئے۔ان خیالات اظہار لیبرڈویژن کے ارکان تحسیم الحق خرم اورمحمد اسرائیل نے ایم کیوایم لیبرڈویژن پی آئی اے یونٹ کے کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ سوات میں معصوم لڑکی کے

ساتھ جو واقعہ رونما ہوا اس کی متحدہ قومی موومنٹ بھرپور مذمت کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ طالبانائزیشن کے عمل کو روکنے کیلئے اگر اب بھی مثبت اور ٹھوس اقدامات بروئے کار نہ لائے گئے تو اسے ملک بھر کے امن پسند عوام زیادہ عرصہ برداشت نہیں کر سکتے اور طالبانائزیشن کے عمل سے ملک وقوم کی سلامتی شدید خطرے میں ہے۔لیبر ڈویژن کے ارکان نے تمام کارکنان پر زور دیا کہ وہ طالبانائزیشن کے عمل کے خلاف گھر گھر اور گلی گلی اور محلے محلے جا کر رائے عامہ ہموار کریں اور اسلام کی آڑ میں طالبانائزیشن کے عمل، درندگی اور نفرت سے لوگوں کو زیادہ سے زیادہ آگاہ کریں۔

## سوات میں معصوم لڑکی کو سرعام کوڑے مارنے کا واقعہ خواتین کے بنیادی حقوق پامال کرنے کا کھلا ثبوت ہے۔ایم کیوایم اندرون سندھ شعبہ خواتین

## ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن اپنی ایک ایک پختون بہن کے تحفظ کیلئے تیار ہے

کراچی۔۔۔7،اپریل 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ اندرون سندھ شعبہ خواتین نے سوات میں 16 سالہ لڑکی کو کوڑے مارے جانے کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس عمل کو خواتین کے بنیادی حقوق کو بری طرح سے پامال کرنے کا کھلا ثبوت قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ سوات میں مظلوم لڑکی کے ساتھ ہونے والے واقعہ پر ہر خاتون کا دل خون کے آنسو رو رہا ہے اور وہ اسلام کی آڑ لیکر اسلامی سزاؤں کو تماشہ بنا کر پیش کرنے والوں کے خلاف سخت ترین احتجاج کر رہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ طالبان دہشت گرد جو نام نہاد اسلامی شریعت لیکر آرہے ہیں وہ اسلام کی تعلیمات کے صریحاً خلاف ہے اور اس کی ہر سطح پر مذمت کرنا ہر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کا فرض ہے۔انہوں نے کہا کہ آج ملک دہشت گردی اور خودکش بم دھماکوں کی لپیٹ میں ہے اور ان واقعات کو دیکھتے ہوئے بھی طالبان دہشت گردوں کے ساتھ اگر مذاکرات اور مفاہمت کی بات کی جاتی رہی تو یہ عمل ملک کی بقاء سلامتی کیلئے خطرناک ہوگا۔اندرون سندھ شعبہ خواتین سوات میں لڑکی کو کوڑے برسانے کے واقعہ پر اس کے اہل خانہ سے دلی ہمدرد کا اظہار کیا اور کہا کہ ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن اپنی ایک ایک پختون بہن کے تحفظ کیلئے تیار ہے اور اس سلسلے میں کسی بھی قربانی دینے سے گریز نہیں کریں گے۔

## دیارِ غیر سے آنے والے لوگوں نے جب بھی سندھ دھرتی پر قدم رکھا ہمیشہ امن کو غارت کیا،فرخ اعظم

## صوفی بزرگ نے تین سو سال قبل جو پیش گوئی کی وہ سچ ثابت ہوگئی ہے،آج سندھ میں افغان بستیاں موجود ہیں

کراچی۔۔۔7،اپریل 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم نے کہا ہے کہ سندھ دھرتی کو طالبانائزیشن کی آڑ میں مٹھی بھر شر پسند دہشت گرد خون میں نہلانا چاہتے ہیں جس سمت سے یہ دہشت گرد آرہے ہیں انہوں نے جب بھی سندھ دھرتی پر قدم رکھا ہمیشہ سندھ دھرتی کے امن کو غارت کیا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے تحت کیماڑی سیکٹر اور حاجی مرید گوٹھ یونٹ میں کارکنان کی تربیتی نشستوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدر، اراکین شکیل سید ظہیر انور اور محمد حنیف چھتانی بھی موجود تھے۔فرخ اعظم نے کہا کہ سندھ دھرتی کے باسی مہمان نواز ضرور ہیں لیکن وہ اس بات کی اجازت ہرگز نہیں دیں گے کہ دیارِ غیر سے آئے ہوئے دہشت گرد سندھ دھرتی کو خون سے نہلائیں اور اس بات کی نشاندہی سندھ کے مشہور صوفی بزرگ عبدالرحیم گروہوڑویؒ نے آج سے تین سو سال قبل کردی تھی کہ کبھی بھی سندھ کی دھرتی کو اور اس کے امن پسند باسیوں کو نقصان پہنچا تو قندھار سے آنے والے لوگوں سے ہی پہنچے گا۔انہوں نے کہا کہ تین سو سال قبل کی گئی سندھ کے صوفی بزرگ کی پیش گوئی آج سچ ثابت ہو رہی ہے اور افغان مہاجرین جو کثیر تعداد میں سندھ میں غیر قانونی طور پر مقیم ہیں جو کراچی سمیت سندھ کے مختلف شہروں میں دہشت گردی کا بازار گرم کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہمیں متحد ہو کر سندھ دھرتی کے خلاف ہونے والی سازش کا مقابلہ کرنا ہے اور اس مقصد کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ہاتھوں کو مضبوط کرنا ہے کیونکہ ملک کی بقاء اور سلامتی کیلئے لڑنے والے کارواں کے قائد الطاف حسین ہی ہیں جو اس ملک کو متحد رکھ سکتے ہیں۔

## پختونوں کی سب سے بڑی واحد نمائندہ جماعت اور صد سالہ سیاست نے پختونوں کو کچھ نہیں دیا۔پختون اتحاد سندھ

## سندھ میں آباد پختون اور معمار وطن پختون سندھ میں اپنے مستقبل اور فیصلوں کا تعین خود کرینگے

## ایم کیوایم کے ساتھ اتحاد کیلئے درخواست کرتے ہیں۔نائن زیرو پر قائد تحریک الطاف حسین کے نام پختون اتحاد سندھ کے نائب صدر فاروق شاہ بنگش کا فیکس پیغام

کراچی ۔۔۔7/اپریل 2009ء۔۔۔پختون اتحاد سندھ کے نائب صدر فاروق شاہ بنگش نے کہا ہے کہ موجودہ حالات کی نزاکت کو محسوس کرتے ہوئے ہم نے اصولی فیصلہ کیا ہے کہ ہم امن اخوت اور بھائی چارے کا پرچار کرینگے کیونکہ پختونوں کو سندھ دھرتی میں آئین وقانون کے تحت ہی رہنا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نام ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر اپنے فیکس پیغام میں کیا۔انہوں نے کہا کہ ہم متحدہ قومی موومنٹ کے منشور اور قائد تحریک کے ہر قول وفعل سے متفق ہے اور یہ محسوس کرتے ہیں کہ ملک کے اندر صحیح جمہوریت اور امن کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے افکار اور نظریات کو اپنانے کی ضرورت ہے، پختونوں کی سب سے بڑی واحد نمائندہ جماعت اور صد سالہ سیاست نے پختونوں کو کچھ نہیں دیا بلکہ ان کی پریشانیوں اور مسائل میں مزید اضافہ ہوگیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم باچا خان کے نظریہ امن کے پیروکار ہیں لیکن کی ان کی موجودہ تنظیم کے قول وفعل سے مطمئن نہیں ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہم قائد تحریک جناب الطاف پر مکمل اعتماد کا کرتے ہیں اور پختون اتحاد سندھ کے منشور یعنی سندھ میں آباد پختون اور معمار وطن پختون سندھ میں اپنے مستقبل اور فیصلوں کا تعین خود کرینگے کی بنیاد پر متحدہ قومی موومنٹ کے ساتھ اتحاد شمولیت کیلئے بھی درخواست کرتے ہیں۔

## بجلی کا بحران جاری رہا تو عوام اپنے بنیادی حقوق کے لئے پرامن احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں،شعبہ خواتین

کراچی ۔۔۔7، اپریل 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی انچارج وارا کین نے کراچی میں بجلی کی طویل غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور بحران کی شدید مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ بجلی کے بحران کے حل کیلئے سپریم کورٹ یا ہائیکورٹ کے ریٹائرڈ چیف جسٹس کی سربراہی میں تحقیقاتی کمیشن قائم کیا جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور ملک کی موجودہ نازک صورتحال میں کراچی میں بجلی کے بحران سے نہ صرف صنعتیں بند ہورہی ہیں بلکہ ہزاروں محنت کش طبقہ بیروزگار ہورہا ہے جس کے باعث کراچی پے درپے مسائل کا شکار ہوتا چلا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ اگر اسی طرح بجلی کا بحران جاری رہا تو عوام اپنے بنیادی حقوق کیلئے پرامن احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔شعبہ خواتین کی انچارج وارا کین نے صدر آصف زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں بجلی کے بحران کے حل کیلئے کے ای ایس سی کو فی الفور حکومتی تحویل میں لینے کے اقدامات کئے جائیں اور کے ای ایس سی کی مجرمانہ غفلت کے باعث شہر میں ہونے والے نقصانات کے ازالے کیلئے ادارے کی موجودہ انتظامیہ پر ہرجانے کا دعویٰ کیا جائے۔

## نقل کے رجحانات کو فروغ دینے والے عناصر کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کی جائے،اے پی ایم ایس او

کراچی ۔۔۔8/اپریل 2009ء۔۔۔آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کمیٹی نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ نقل کی روک تھام کیلئے مئوثر اقدامات بروئے کارلائے جائیں اور نقل کے رجحانات کو ختم کرکے میرٹ کو فروغ دیا جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ امتحانات کے دوران ہونیوالی نقل قومی المیہ بن چکی ہے جسکے نتائج آج ہمیں نئی نسل میں نظر آرہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جو عناصر طلبہ وطالبات میں نقل کا رجحانات کو فروغ دے رہے ہیں وہ معاشرے کو کمزور کررہے ہیں اور نوجوانوں کی صلاحتیوں پر قدغن لگارہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ باشعور طلبہ وطالبات جب تعلیمی میدان میں پیچھے رہ جائینگے اور نقل کے ذریعے اپنے امتحانات پاس کرینگے تو وہ جدید علوم کس طرح حاصل کرینگے۔انہوں مزید کہا کہ آج انفارمیشن ٹیکنالوجی کا دور ہے جس کے بارے میں ہماری قوم کے نوجوانوں کو آگاہی حاصل کرنا ضروری ہے جبکہ معاشرے نے ٹیکنالوجی کے اعتبار سے کتنی ترقی کرلی ہے اب ایسے معاشرے میں قوم کے نوجوانوں کو اپنی تعلیم پر توجہ دینی چاہئے اور زیادہ سے زیادہ محنت کرکے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوانا چاہئے تاکہ وہ مستقبل کے چیلینجز کا مقابلہ کرسکیں۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او واحد طلبہ تنظیم ہے جو نقل کے رجحانات کا خاتمہ کرکے میرٹ کو فروغ دینا چاہتی ہے۔

## ایم کیو ایم لیاقت آباد،کورنگی سیکٹرز،نوابشاہ زون اور اے پی ایم ایس او کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔7، اپریل 2009۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 159 کے کارکن ندیم اخلاق کی والدہ محترمہ زبیدہ بیگم، ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ یوسی 2 کے کارکن شوکت کے والد محمد ادریس خان، ایم کیو ایم نوابشاہ زون یونٹ 7A کے کارکن رحیم الدین کی والدہ محترمہ بتول بی بی، اے پی ایم ایس او اردو یونیورسٹی سیکٹر اے کے سابق سیکٹر ممبر عثمان کے والد بابو خان، ایم کیو ایم شعبہ خواتین کورنگی سیکٹر یونٹ 71 کی کارکن محترمہ ناہید جمال کی والدہ محترمہ رئیسہ بیگم اور کورنگی سیکٹر یونٹ یوسی 5 کے کارکن انور کی والدہ محترمہ سونا بی بی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## سیکٹرا ے کے سابق سیکٹر ممبر سے اے پی ایم ایس او کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔7، اپریل 2009 ۔۔۔آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین و مرکزی کابینہ کے اراکین نے اے پی ایم ایس او اردو یونیورسٹی سیکٹر اے کے سابق سیکٹر ممبر عامر عثمان کے والد بابو خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی عطا کرے۔( آمین )

## ایم کیو ایم نے کراچی پورٹ ٹرسٹ کے ریفرنڈم میں یونائیٹڈ ورکرز فرنٹ آف کی حمایت کا اعلان کر دیا

## ادارے کے حق پرست محنت کش یونائیٹڈ ورکرز فرنٹ کے انتخابی نشان ’’ستارہ‘‘ کو ووٹ دیکر کامیاب کرائیں

کراچی ۔۔۔7، اپریل 2009ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے 8، اپریل کو کراچی پورٹ ٹرسٹ کے ریفرنڈم میں یونائیٹڈ ورکرز فرنٹ آف کے پی ٹی کی حمایت کا اعلان کر دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کے پی ٹی کے تمام حق پرست محنت کشوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ریفرنڈم میں یونائیٹڈ ورکرز فرنٹ کے پی ٹی کے انتخابی نشان ستارہ کو ووٹ دیکر کامیاب کرائیں۔

☆☆☆☆☆